سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ORDINANCE NO. I OF 2013

جائیداد کے نماؤ کو بگاڑنے سے بچاؤ کا آرڈیننس، مجریہ ۲۰۱۳

THE PREVENTION OF DEFACEMENT OF PROPERTY,ORDINANCE, 2013

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات

Short title, extent and commencement

۲۔ وصفیں

Definitions

۳۔ ملکیت کا نماؤ بگاڑنے پر بندش

Prohibition on defacement of property

۴۔ ملکیت کا نماؤ بگاڑنے کے خلاف ٹاسک فورس

Anti-Property Defacement Task Force

۵۔ ملکیت کی بگڑی صورت کو میسارنا

Removal of existing defacement on property

۶۔ قواعد جوڑنے کا اختیار

Power to make rules

سندھ آرڈیننس نمبرI مجریہ ۲۰۱۳

SINDH ORDINANCE NO. I OF 2013

جائیداد کے نماؤ کو بگاڑنے سے بچاؤ کا آرڈیننس، مجریہ ۲۰۱۳

THE PREVENTION OF DEFACEMENT OF PROPERTY,ORDINANCE, 2013

[۲۶اپریل،۲۰۱۳]

ملکیت کی بگڑی صورت کے بچاؤ اور دیواروں پر لکھنے پر پابندی والا آرڈیننس۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ یہ ضروری ہے کہ سندھ صوبے میں جائیداد یا ملکیت کی ظاہری صورت کو بچایا جائے اور دیواروں پر لکھنے پر پابندی عائد کی جائے اس لئے اس آرڈیننس کو اس طریقے سے لاگو کیا جائے گا۔

اس کو اس طریقے سے عمل میں لایا جائے گا۔

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extent and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو جائیداد کی ظاہری صورت اور دیواروں پر لکھنے پر پابندی والا آرڈیننس، ۲۰۱۳ کہا جائے گا۔

(۲) یہ آرڈیننس صوبہ سندھ پر لاگو ہو گا۔

(۳) یہ آرڈیننس فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2. (1) اس آرڈیننس میں سوائے اس بات کہ اس میں مضمون کے حوالے کوئی منحرف بات نہ ہو، کچھ لفظوں کی تعریف مندرجہ ذیل طریقے سے کی جائے گی۔	وصفیں Definitions

(a) "مواد لگانا" سے مراد ہے کہ کوئی پوسٹر، بل، نوٹس، پلے کارڈ یا کوئی دوسرا مواد کسی دوسری پر مالک کی پیشگی منظوری کے بغیر ہو۔

(b) "ظاہری صورت کو بگاڑنا" سے مراد ہے کہ مالک کی منظوری کے بغیر کسی خوب صورت جگہ یا ملکیت کو نقصان پہنچانا یا حلیہ بگاڑنا یا خراب کرنا یا کسی دوسرے طریقے سے ظاہری نماؤ کو بگاڑنا مثلاً:

(i) ملکیت (جگہ یا دیوار) پر تحریر کے ذریعے؛

(ii) شائع کیا مواد ملکیت (جگہ یا دیوار وغیرہ) پر لگانا؛

(iii) کوئی ایسا عمل جس کے نتیجے میں ملکیت (جگہ یا دیوار) کی ظاہری صورت میں بگاڑ آجانا؛

(c) "گورنمنٹ" کی معنے ہیں سندھ سرکار؛

(d) "ملکیت" کی معنے ہیں کوئی بھی زیر تعمیر جگہ، کھمبا، جنگلا، کھڑا کرنا اور سطح؛

(e) "تحریر" کی معنے ہے کہ کوئی بھی تحریر یا مصوری کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار یا کوئی دوسرا مواد چاک، برش، کے ذریعے جائیداد (جگہ یا دیوار) پر لکھا جائے۔

3. (1) کوئی بھی فرد عوام کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانے کے لئے کسی بھی طریقے سے ملکیت (جگہ یا دیوار وغیرہ) کی ظاہری صورت کو بگاڑ نہیں سکتا۔	ملکیت کا نماؤ بگاڑنے پر بندش Prohibition on defacement of property

(۲) اس ایکٹ کی کسی بھی گنجائش کی خلاف ورزی کرتے دیکھا گیا تو ان کو جیل بھیجنے کی سزا دی جائے گی، جس کی مدت ٦ مہینے تک بڑھائی جاسکتی ہے اور جرمانے کے ساتھ سزا دی جاسکتی ہے، جرمانے کی رقم ٥٠٠٠ تک ہوگی یا جرمانہ اور سزا دونوں دی جاسکتی ہیں اور اگر جرم دوبارہ کیا گیا تو اس پر یومیہ ایک ہزار کا جرمانہ عائد کیا جائے گا اور وہ جرمانہ پہلے جرم کرنے والی تاریخ سے شروع ہوگا۔

رعایت: اس دفعہ کے تحت اس جرم نہیں کہا جائے گا اگر ملکیت کا مالک یا نگہبان اسی کام میں کسی طریقے سے تعلق رکھتا ہو۔

4. (1) اس آرڈیننس کے لاگو ہونے کے بعد ۱۵ دن کے اندر سرکار ملکیت کی ظاہری صورت کو بگاڑنے سے بچانے کے لئے ایک فورس بنائے گی جو ظاہری صورت بگاڑنے کے دائرے کا اندازہ لگائے گی اور ایسے طریقے تجویز کرے گی تا کہ اس ایکٹ کو مناسب طریقے سے لاگو کیا جاسکے، ان کوششوں کا سروے اور ایسے پروگرام پر غور کیا جائے گا جو دوسروں کے دائرہ اختیار میں ہونگے اور ظاہری صورت بگاڑنے کے خلاف کام میں مصروف ہونگے اور ملکیت کی ظاہری صورت بگاڑنے کے خلاف ایک جامعہ پروگرام تجویز کرے گا۔ (2) یہ فورس چیئرپرسن سمیت چھ ممبرز پر مشتمل ہو گا۔ (3) فورس کا چیئرپرسن اور ممبر تجربیکار ہونگے اور ان کو سرکار ان شعبوں میں مقرر کرے گی۔ (a) قانون؛ (b) سماجی یاثقافتی پراجیکٹس میں مصروف عمل سوسائٹی کی تنظیم؛ (c) تعلیم؛ (d) الیکٹرانک یاپرنٹ میڈیا؛ (e) کاروباری برادری؛ (f) انجنیئرنگ یا آرکیٹیکچر	ملکیت کا نماؤ بگاڑنے کے خلاف ٹاسک فورس Anti-Property Defacement Task Force
5. اس آرڈیننس کو لاگو ہونے کے ۳۰ دن کی مدت کے اندر ہر کائونسل اپنی حدود کے اندر ملکیت کی ظاہری صورت کے وہ سب نشان ختم کر دینگی جن کے لئے اس ایکٹ میں منع کیا گیا ہے اور اس کام کا خرچ ان افراد سے لیا جائے گا جو اس کے ذمہ دار ہونگے۔	ملکیت کی بگڑی صورت کو میسارنا Removal of existing defacement on property

6. اس آرڈیننس کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے سرکار قواعد جوڑ سکتی ہے۔

قواعد جوڑنے کا اختیار
Power to make rules

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔